حضرت علی رضؓ سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا میں کثیر المذی شخص تھا سو میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے (اسکے متعلق) سوال کیا آپ نے فرمایا جب تم مذی (نکلتی) دیکھو تو وضو کر لو اور ذکر کو دھو لو اور جب پانی کا جست دیکھو (یعنی منی اچھلکر نکلتی دیکھو اور دیکھنے سے مراد معلوم ہونا ہے خواہ نظر پڑے یا نہیں) تو غسل کر لو اس کو امام احمد نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں

ا ج ا ص ۱۰۷ المصری ۱۲ مؤلف
ج ا ص ۱۲۵ ج ا ص ۱۵۶ ۱۲ مؤلف
ج ا ص ۳۰ ۱۲ مؤلف
[illegible]

## باب

عن عبد الله بن مسعود رض ان رجلاً جاء الی النبی صلی الله علیه وسلم فسئله عن الرجل یغتسل من الجنابة فیخطی بعض جسده الماء فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم یغسل ذلك المکان ثم یصلی رواه الطبرانی فی الکبیر ورجاله موثقون (مجمع الزوائد) وقد مر فی باب عدم افتراض الترتیب فی الوضوء

## باب

عن ابی هریرة رض ان نبی الله صلی الله علیه وسلم قال اذا جلس بین شعبها الاربع ثم جهدها فقد وجب الغسل وفی حدیث مطر وان لم ینزل رواه مسلم وله ایضا عن عائشة رض مرفوعاً اذا جلس بین شعبها الاربع ومس الختان الختان فقد وجب الغسل اهـ

---

من الاکسال ای ادخال الذکر فی الفرج ثم اخراجه من غیر انزال بهذا الحدیث فمعناه الماء من الانزال لا من مجرد الادخال ثم نسخ هذا الحکم ووجب الغسل عند الادخال مطلقاً اهـ ملخصاً قلت سیاتی تفصیله قریباً

**باب** من نسی بعض جسده ولم یغسله **قوله** ان رجلاً الخ قال المؤلف دلالته علی الباب ظاهرة

**باب** وجوب الغسل من التقاء الختانین ولو لم ینزل **قوله** عن ابی هریرة رض الخ قال المؤلف قال النووی رح قال القاضی عیاض رح الاولی ان یکون جهدها بمعنی بلغ جهده فی العمل فیها والجهد الطاقة وهو اشارة الی الحرکة وتمکن صورة العمل وهو نحو قول من قال حفزها ای کدها بحرکته والا فای مشقة بلغ بها فی ذلك اهـ وقال ایضا قوله صلی الله علیه وسلم ومس الختان الختان قال العلماء معناه غیبت ذکرك فی فرجها ولیس المراد حقیقة المس وذلك ان ختان المرأة فی اعلی الفرج لا یمسه الذکر فی الجماع وقد اجمع العلماء علی انه لو وضع ذکره علی ختانها ولم یولجه لم یجب الغسل لا علیه ولا علیها فدل علی ان المراد ما ذکرناه والمراد بالمماسة المحاذات وکذلك الروایة الاخری اذا التقی الختانان ای تحاذیا اهـ وفی فتح الباری (ج ۱ ص ۳۴۷) ورواه ابوداود من طریق شعبة وهشام معاً عن قتادة

باب اس شخص کے حکم میں جو غسل کرنے میں بدن کے کسی حصہ کا دھونا بھول جاوے

حضرت عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے اس شخص کا حکم پوچھا جو جنابت کا غسل کرے اور اسکے بدن کا کوئی حصہ باقی (بھیگنے) سے رہ جاوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (صرف) وہی موقع دھو ڈالے پھر نماز پڑھ لے اس کو طبرانی نے کبیر میں روایت کیا ہے اور اسکے راوی توثیق کیے گئے ہیں (مجمع الزوائد)

باب غسل کا واجب ہو جانا ختنہ کے موقعوں کے مل جانے سے اگرچہ انزال نہ ہوا ہو

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص عورت کے اطراف اربعہ (یعنی چاروں ہاتھ پیروں) کے درمیان بیٹھ جاوے پھر اپنی طاقت اس پر (صرف) کرے (یعنی جماع کرے) تو غسل واجب ہو جاتا ہے اور مطر (راوی) کی حدیث میں (یہ بھی) ہے اگرچہ انزال نہ ہو اس کو مسلم نے روایت کیا ہے اور انہی کی ایک روایت میں حضرت عائشہ رض سے مرفوعاً (یہ بھی) ہے کہ جب اسکے اطراف اربعہ کے درمیان بیٹھ جاوے اور ایک ختنہ کا موقع دوسرے ختنہ کے موقع سے مس کرے (یعنی ذکر فرج میں داخل ہو جاوے)

سلہ ج ۱ ص ۱۱۳ مؤلف ۱۲ سلہ ۵۲ ص ۱۵۶ ج ۱ مؤلف

حدثنا ابوبکر بن ابی شیبة ثنا ابومعویة عن حجاج عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا التقی الختانان وتوارت الحشفة فقد وجب الغسل رواه ابن ماجه[۱] قلت ورواه الامام احمد فی مسنده[۲] ثنا ابومعویة ثنا حجاج فذکره وفی کنز العمال وکل ما کان فی مسند احمد فهو مقبول[۳] فان الضعیف الذی فیه یقرب من الحسن اه

عن عائشة رض قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا جاوز الختان الختان وجب الغسل رواه الترمذی[۴] وقال حدیث عائشة رض حسن صحیح

بلفظ والزق الختان بالختان بدل قوله ثم جهدها وهذا یدل علی ان الجهد هنا کنایة عن معالجة الایلاج اه قلت سند ابی داود صحیح او حسن علی قاعدة الحافظ فانه قال فی مقدمة فتح الباری (ص ۴) ثم استخرج ثانیا ما یتعلق به غرض صحیح فی ذلک الحدیث من الفوائد المتنیة والاسنادیة من تتمات وزیادات وکشف غامض وتصریح مدلس بسماع ومتابعة سامع من شیخ اختلط قبل ذلک منتزعا کل ذلک من امهات المسانید والجوامع والمستخرجات والاجزاء والفوائد بشرط الصحة او الحسن فیما اورده من ذلک اهـ وفی فتح الباری ایضا (ج ۱ ص ۳۴۸) ففی روایة مسلم من طریق مطر الوراق عن الحسن فی آخر هذا الحدیث وان لم ینزل ووقع ذلک فی روایة قتادة ایضا رواه ابن ابی خیثمة فی تاریخه عن عفان قال حدثنا همام وابان قالا حدثنا قتادة به وزاد فی آخره انزل اولم ینزل وکذا رواه الدارقطنی وصححه من طریق علی ابن سهل عن عفان وکذا ذکرها ابوداود الطیالسی عن حماد بن سلمة عن قتادة اهـ قلت ودلالة الحدیث علی الباب ظاهرة قوله حدثنا ابوبکر الخ قلت ابوبکر من رجال الجماعة وکذا محمد بن خازم ابومعویة وحجاج هو ابن ارطاة اخرج له مسلم مقرونا ووصفه النسائی وغیره بالتدلیس عن الضعفاء کما فی طبقات المدلسین للحافظ ابن حجر رحمه الله تعالی (ص ۱۷ مصریه) وفی تقریب التهذیب (ص ۳۵) صدوق کثیر الخطاء والتدلیس اهـ وفی تهذیب التهذیب (ج ۲ ص ۱۹۷ و ۱۹۸) وقال ابن ابی خیثمة عن ابن معین صدوق لیس بالقوی یدلس عن عمرو بن شعیب وقال ابوزرعة صدوق یدلس وقال ابن المبارک

حضرت عبدالله بن عمرو رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دونوں ختنوں کا موقع مل جاوے اور حشفہ غائب ہو جاوے (یعنی سر ذکر فرج میں داخل ہو جاوے) تو غسل واجب ہو جاتا ہے اسکو ابن ماجہ اور امام احمد نے روایت کیا ہے۔

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب (مرد کا) ختنہ کا موقع (عورت کے) ختنہ کے موقع سے تجاوز کر جاوے تو غسل واجب ہو جاتا ہے اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور حسن صحیح کہا ہے۔

حجاج بن ارطاة

[۱] ص ۴۵ مؤلف ۱۲ [۲] ص ۷/۸ ج ۲ مؤلف ۱۲ [۳] ج ۱ ص ۳ مؤلف ۱۲ [۴] ج ۱ ص ۱۶ مؤلف ۱۲ [۵] بتشدید الزا وبغیرها من الالزاق ۱۲ منه

كان الحجاج يدلس فكان يحدثنا بالحديث عن عمرو بن شعيب مما يحدثه العرزمي متروك (وهو بفتح مهملة وسكون راء فزاي مفتوحة كما في المغني واسمه محمد بن عبيد الله متروك كما في التقريب) قد رأيت له في البخاري رواية واحدة متابعة تعليقا في كتاب العتق وقال البزار كان حافظا مدلسا وكان معجبا بنفسه كان شعبة يثني عليه اهـ ملخصا وفيه ايضا قرأت بخط الذهبي اكثر ما نقم عليه التدليس وكان فيه تيه لا يليق باهل العلم انتهى (ص ١٩٨ ج ٢) قلت والارسال في حكم التدليس عن الضعفاء جرح عند الكل ففي تدريب الراوي (ص ٦٧ مصري) وقال مالك في المشهور عنه وابو حنيفة في طائفة منهم احمد في المشهور عنه صحيح قال المصنف في شرح المهذب وقيده ابن عبد البر وغيره فيما اذا لم يكن مرسله ممن لا يحترز ويرسل عن غير الثقات (يعني ان الحديث المرسل صحيح منهم ١٢) فان كان فلا خلاف في رده اهـ قلت قال الشيخ ابن العربي في شرح الترمذي ان مالكا انما يقبل مراسيل اهل المدينة والله تعالى اعلم وفي نخبة الفكر (ص ٥١ مجتبائي دهلي) ونقل ابو بكر الرازي من الحنفية وابو الوليد الباجي من المالكية ان الراوي اذا كان يرسل عن الثقات وغيرهم لا يقبل مرسله اتفاقا اهـ قلت لا شك في ان الحجاج بن ارطاة ممن لا يحتج به الا اذا صرح بالتحديث والاخبار لكن اعتمدنا في هذا الموضع على قاعدة السيوطي المذكورة في المتن واما عمرو بن شعيب فقال الترمذي في سننه (ص ٤٣ ج ١) وعمرو بن شعيب هو ابن محمد بن عبد الله بن عمرو بن العاص قال محمد بن اسمعيل (البخاري) رايت احمد واسحق وذكر غيرهما يحتجون بحديث عمرو بن شعيب قال (البخاري) وقد سمع شعيب بن محمد من عبد الله ابن عمرو وقال ابو عيسى ومن تكلم في حديث عمرو بن شعيب انما ضعفه لانه يحدث عن صحيفة جده كانهم رأوا انه لم يسمع هذه الاحاديث من جده اهـ وفي التقريب (ص ١٥٩) في ترجمته صدوق اهـ قلت كفى بالبخاري قدوة في التنقيد فهو محتج به والاختلاف غير مضر كما عرفت مرارا قوله عن عائشة رضـ الخ قال المؤلف دلالته على الباب ظاهرة وهو صريح فيما ذهب اليه العلماء من ان الغسل لا يجب الا بالدخول واما ما يعارض الباب من الاحاديث فمنها ما في السعاية (ص ٣١١ ج ١) قال السيوطي رح في الازهار المتناثرة في الاخبار المتواترة حديث الماء من الماء (اي الغسل من المني ١٢ سعايه) اخرجه مسلم من حديث ابي سعيد واحمد عن ابي بن كعب رافع بن خديج ورفاعة ابن رافع وعتبان الانصاري وابي ايوب والبزار عن عبد الرحمن بن عوف وجابر وابن عباس وابي هريرة وابن شاهين في الناسخ والمنسوخ عن انس (نحوه)

الارسال عن الضعفاء جرح عند الكل

توثيق عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده

حديث متواتر

والجواب عنه بانه منسوخ يدل عليه ما رواه الترمذي (ج ا ص ۱۶) عن ابي بن كعب قال انما كان الماء من الماء رخصة في اول الاسلام ثم نهي عنها اهـ ثم قال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وانما كان الماء من الماء في اول الاسلام ثم نسخ بعد ذلك وهكذا روى غير واحد من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم منهم ابي بن كعب ورافع ابن خديج اهـ قلت وحديث رافع ابن خديج رواه الامام احمد في مسنده كما في نيل الاوطار (ج ا ص ۲۱۶) عن رافع بن خديج قال ناداني رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا على بطن امرأتي فقمت ولم انزل فاغتسلت وخرجت فاخبرته فقال لا عليك الماء من الماء قال رافع ثم امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذلك بالغسل اهـ وفيه ايضاً الحديث حسنه الحازمي في تحسينه نظر لان في اسناده رشدين وليس من رجال الحسن وفيه ايضاً مجهول لانه قال عن بعض ولد رافع بن خديج فلينظر فالظاهر ضعف الحديث لا حسنه اهـ قلت قد نظرنا فوجدناه مقبولاً على قاعدة السيوطي المذكورة قريباً والجواب عن الايرادين بان رشدين بن سعد وان كان ضعيفاً عند الاكثر فقد وثقه الهيثم بن خارجة كما في تهذيب التهذيب (ص ۲۷۷ ج ۳) والاختلاف غير مضر كما عرفت مراراً والمجهول فقد ذكر الزيلعي في نصب الراية (ص ۴۴ ج ۱) قال الشيخ تقي الدين وقد وقع لي تسميته ولد رافع في اصل سماع الحافظ السلفي وساق الشيخ سنده الى رشدين بن سعد عن موسى بن ايوب[۵۵] عن سهل بن رافع بن خديج عن رافع بن خديج فذكره اهـ قلت ولكن لم اجد ترجمته في كتب الرجال فالاعتماد في هذا الحديث على قاعدة السيوطي فقط لا سيما عند وجود حديث ابي بن كعب ومنها ما رواه مسلم (ج ا ص ۱۵۵) عن ابي سعيد الخدري رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على رجل من الانصار فارسل اليه فخرج ورأسه يقطر فقال لعلنا اعجلناك قال نعم يا رسول الله قال اذا اعجلت او قحطت فلا غسل عليك وعليك الوضوء اهـ والجواب عنه ما مر قريباً من النسخ وقد اخرج مسلم ايضاً (ج ا ص ۱۵۶) عن عائشة رض زوج النبي صلى الله عليه وسلم قالت ان رجلاً سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الرجل يجامع اهله ثم يكسل هل عليهما الغسل وعائشة رض جالسة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني لافعل ذلك انا وهذه ثم نغتسل اهـ ولا يمكن حمل حديث الماء من الماء على الاحتلام لقصته ورد فيه هذا الحديث وقد رواها مسلم (ج ا ص ۱۵۵) عن ابي سعيد الخدري رض قال خرجت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الاثنين الى قباء حتى اذا كنا في بني سالم وقف رسول الله صلى الله عليه وسلم على باب عتبان فصرخ به فخرج يجر ازاره فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعجلنا

توثیق رشدین بن سعد

[۵۵] قال علیه موسى بن ايوب كما في السند عند الزيلعي ج ا ص ۴۴ ۔ مؤلف

## باب

عن عائشة رض ان فاطمة بنت ابی حبیش كانت تستحاض فسئلت النبی صلی الله علیه وسلم فقال ذلک عرق ولیست بالحیضة فاذا اقبلت الحیضة فدعی الصلوة و اذا ادبرت فاغتسلی وصلی رواه البخاری

عن معاذ رض مرفوعًا اذا مضی للنفساء سبع ثم رأت الطهر فلتغتسل ولتصل رواه الحاکم فی مستدرکه (کنز العمال) واسناده صحیح علی قاعدة الکنز المذکور فی خطبته

---

الرجل فقال عثمان یا رسول الله ارایت الرجل یعجل عن امرأته ولم یمن ماذا علیه فقال رسول الله صلعم انما الماء من الماء اه وفی نصب الرایة (ص ۴۲ ج ۱) وهذا السیاق یدفع روایة من روی عن ابن عباس ان قوله علیه السلام الماء من الماء کان فی الاحتلام اه قلت قال فی فتح الباری (ج ۱ ص ۳۳۹) وروی ابن ابی شیبة وغیره (باسناد صحیح او حسن علی قاعدته) عن ابن عباس انه حمل حدیث الماء من الماء علی صورة مخصوصة وهی ما یقع فی المنام من رؤیة الجماع اه

باب وجوب الغسل من الحیض والنفاس قوله عن عائشة رض الخ قال المؤلف دلالته علی الجزء الاول من الباب ظاهرة فانه صلی الله علیه وسلم اوجب الغسل بعد انقطاع الحیض قوله عن معاذ الخ قال المؤلف اسناده صحیح کما یظهر من التزام الامام السیوطی فی جمع الجوامع الذی رتبه الشیخ علی المتقی علی ترتیب الفقه حیث قال فی خطبته انی اذا نقلت عن الحاکم فی المستدرک حدیثا ولم اتکلم علیه فهو صحیح اه وقید السبع اتفاقی لان الاجماع قد قام علی انها لو طهرت قبل السبع اغتسلت وصلت قال الامام ابو عیسی الترمذی فی سننه (ج ۱ ص ۲۰) وقد اجمع اهل العلم من اصحاب النبی صلعم والتابعین ومن بعدهم علی ان النفساء تدع الصلوة اربعین یوما الا ان ترى الطهر قبل ذلک فانها تغتسل وتصلی اه وفی نیل الاوطار (ج ۱ ص ۲۷۳) وقد وقع الاجماع من العلماء کما فی البحر ان النفاس کالحیض فی جمیع ما یحل ویحرم ویکره ویندب اه والله تعالی اعلم ودلالته علی الباب ظاهرة۔

باب غسل کا واجب ہو جانا حیض اور نفاس سے

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ (حضرت) فاطمہ بنت ابی حبیش کو استحاضہ آتا تھا انھوں نے اسکے متعلق نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا کہ یہ ایک رگ کا خون ہے اور حیض نہیں ہے سو جب حیض آیا کرے تو نماز چھوڑ دیا کرو اور جب ختم ہو جاوے تو غسل کر لیا کرو اور نماز پڑھ لیا کرو اسکو بخاری نے روایت کیا ہے

حضرت معاذ رض سے مرفوعا مروی ہے کہ جب نفاس والی عورت پر (مثلاً) سات دن گذر جاویں پھر وہ پاکی دیکھے (یعنی نفاس کا خون موقوف ہو جاوے) تو وہ غسل کرے اور نماز پڑھے اسکو حاکم نے مستدرک میں روایت کیا ہے (کنز العمال) اور اسکی سند صحیح ہے کنز العمال کے قاعدہ پر۔ قید سات کی اتفاقی ہے جیسا کہ اجماع امت اسپر دال ہے اور مراد یہ ہے کہ جب طہر دیکھ لے اگرچہ ولادت سے ایک ہی ساعت کے بعد ہو تو اس پر نماز پڑھنے کے لئے غسل واجب ہو جاوے گا

## باب

عن الحاكم عن ابی علی الحافظ عن ابی العباس الهمدانی الحافظ ثنا ابو شيبة ثنا خالد بن مخلد عن سليمان بن هلال عن عمرو عن عكرمة عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس عليكم فی غسل ميتكم غسل اذا غسلتموه ان ميتكم يموت طاهرا وليس بنجس فحسبكم ان تغسلوا ايديكم رواه البيهقی وقال هذا ضعيف والحمل فيه على ابی شيبة قلت ابو شيبة هو ابراهيم بن ابی بكر بن ابی شيبة احتج به النسائی ووثقه الناس ومن فوقهم احتج بهم البخاری وابو العباس الهمدانی هو

**باب جواز ترك الغسل من غسل الميت** قوله عن الحاكم الخ قال المؤلف قال العزيزی فی السراج المنير شرح الجامع الصغير ای (غسلٌ ۱۲ مؤلف) واجب فيحمل حديث من غسل ميتا فليغتسل على الندب اه (ج ۳ ص ۲۲۱) وفی السعاية قال الخطابی فی شرح سنن ابی داود لا اعلم احدا من الفقهاء يوجب الغسل من غسل الميت ولا الوضوء من حمله ولعل الامر ندب اه (ج ۱ ص ۱۲۷) و فی التلخيص الحبير بعد نقل هذا الحديث فيجمع بينه وبين الامر فی حديث ابی هريرة بان الامر على الندب او المراد بالغسل غسل الايدی كما صرح به فی هذا قلت ويؤيد ان الامر فيه للندب ما روى الخطيب فی ترجمة محمد بن عبد الله المخزومی من طريق عبد الله بن احمد فذكر اثر الباب ثم قال وهو احسن ما جمع به بين مختلف هذه الاحاديث اه قلت بل احسن ما جمع به بين مختلف هذه الاحاديث هو ان يفسر المرفوع بالمرفوع وهو حمل لفظ الغسل على غسل الايدی وغسل بعض الصحابة منه ليس مما لا يدرك بالرای وليس فيه ذكر عهد النبی صلى الله عليه وسلم حتى يقال انه مرفوع حكمی ولكن يرد عليه حديث ابی هريرة رض فانه يبعد ان يراد فيه من الغسل غسل اليدين فاحسن ما يجمع به بين مختلف هذه الاحاديث ما رواه الخطيب واقل ما ورد فيه هو غسل الايدی حديث ابی هريرة رض قد رواه الترمذی وحسنه مرفوعا (ص ۱۰۹ ج ۱) بلفظ من غسله الغسل ومن حمله الوضوء يعنی الميت اه ورواه الضياء المقدسی عن ابی سعيد الخدری مرفوعا الغسل من الغسل والوضوء من الحمل كما فی العزيزی (ص ۳۴۰ ج ۳) وسنده

**باب غسل میت سے غسل کا ترک جائز ہونا**

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری میت کو غسل دینے سے تم پر غسل (واجب) نہیں جب تم اس کو (یعنی میت کو) غسل دو کیونکہ تمہارا مردہ طاہر مرتا ہے اور (موت کی وجہ سے) نجس نہیں ہوتا ہے سو تم کو یہ کافی ہے کہ اپنے ہاتھ (بعد غسل میت کے) دھو لیا کرو اسکو بیہقی نے روایت کیا ہے اور تلخیص حبیر میں اسکی سند کو حسن کہا ہے اور ترمذی کی فارسی شرح میں مولوی سراج احمد صاحب فرماتے ہیں کہ حاکم نے (اس کو) بخاری کی شرط پر کہا ہے اور ذہبی نے حاکم (کے اس قول) کو برقرار رکھا ہے۔

ابن عقدة حافظ كبير انما تكلموا فيه بسبب المذهب ولامور اخرى ولم يضعف
بسبب المتون اصلاً فالاسناد حسن اهـ (التلخيص الحبير) وفى شرح المولوى احمد على سنن الترمذى قال الحاكم على شرط البخارى واقره الذهبى

عن عبد الله بن احمد بن حنبل قال قال لى ابى كتبت حديث عبيد الله عن نافع
عن ابن عمر كنا نغسل الميت فمنا من يغتسل ومنا من لا يغتسل قال قلت لابى فى ذلك الجانب شاب يقال له محمد بن عبيد الله يحدث به عن ابى هشام
المخزومى عن وهيب فاكتبه عنه قلت هذا اسناد صحيح (التلخيص الحبير)

## باب

عن ابى هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من توضأ فاحسن الوضوء
ثم اتى الجمعة فدنى واستمع وانصت غفر له ما بينه وبين الجمعة وزيادة ثلثة ايام
ومن مس الحصا فقد لغا رواه الترمذى وقال هذا حديث حسن صحيح

صحيح على قاعدة كنز العمال المذكورة فى خطبته وذكر فى التلخيص (ص ۵۰ ج ۱) قال عبد الله بن صالح ثنا يحيى بن ايوب عن عقيل عن الزهرى عن سعيد بن المسيب عن ابى هريرة رض رفعه من غسل ميتاً فليغتسل ذكره الدارقطنى وقال فيه نظر قلت رواته موثقون وقال ابن دقيق العيد فى الامام حاصل ما يعتل به وجهان احدهما من جهة الرجال لا يخلو اسناد منها من متكلم فيه ثم ذكر ما معناه ان احسنها رواية سهيل عن ابيه عن ابى هريرة وهى معلولة وان صححها ابن حبان وابن حزم فقد رواه سفيان عن سهيل عن ابيه عن اسحٰق مولى زائدة عن ابى هريرة رض قلت اسحٰق مولى زائدة اخرج له مسلم فينبغى ان يصحح الحديث اهـ وفيه ايضاً وذكر الماوردى ان بعض اصحاب الحديث خرج لهذا الحديث مائة وعشرين طريقاً قلت وليس ذلك ببعيد اهـ

(فائدة) فى حجة الله البالغة (ص ۱۸۱ ج ۱ مصريه) واما غسل الميت فلان الرشاش ينتشر فى البدن

نافع حضرت ابن عمر رض سے روایت کرتے ہیں کہ (انہوں نے کہا) ہم میت کو (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں) غسل دیا کرتے تھے اور ہم میں سے بعض لوگ (میت کو نہلانے والے) غسل میت کی وجہ سے (غسل کرتے تھے اور بعض ہم میں سے (یعنی صحابہ رض میں سے) غسل نہ کرتے تھے اس کو عبداللہ بن امام احمد نے روایت کیا ہے اور تلخیص حبیر میں اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔ تفقہ اس اثر سے معلوم ہوا کہ میت کو نہلانے کی وجہ سے غسل کرنا اولی ہے اور نہ کرنا جائز ہے

باب جمعہ کا غسل واجب نہ ہونا اور جمعہ کے غسل اور سنگی لگوانے کی وجہ سے غسل کا مسنون ہونا

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر جمعہ میں حاضر ہو اور امام سے قریب بیٹھے اور (خطبہ) سنے اور خاموش رہے تو اس کے وہ (صغیرہ) گناہ معاف کر دیئے جاویں گے جو اس کے (اس جمعہ کے) اور (دوسرے) جمعہ کے درمیان میں (ہوئے) ہیں اور تین دن اور زیادہ کئے (یعنی دس دن کے گناہ بقولہ تعالیٰ من جاء بالحسنة فله عشر امثالها) اور جس نے کنکریوں کو (بطور شغل) چھوا اس نے لغو فعل کیا اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ حدیث حسن صحیح ہے

عن سمرة رض بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من توضأ يوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فالغسل افضل اخرجه الترمذي وقال حديث حسن ورواه ابن خزيمة في صحيحه (للعزيزي[2])

عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغتسل من اربع من الجنابة ويوم الجمعة ومن الحجامة ومن غسل الميت رواه ابوداؤد وصححه ابن خزيمة كذا في بلوغ المرام[1]

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کے روز وضو کیا تو اُسنے رخصت پر عمل کیا (کیونکہ سنت اور عزیمت غسل ہے) اور وہ اچھی خصلت ہے (یعنے وضو پس وضو پر کفایت کرنے والے پر ترک واجب کی ملامت نہیں، کیونکہ جمعہ کا غسل واجب نہیں) اور جسنے غسل کیا تو غسل افضل ہے اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور حسن کہا ہے اور عزیزی میں ہے کہ اس کو ابن خزیمہ نے (بھی) اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چار (چیزوں کی وجہ) سے غسل فرمایا کرتے تھے جنابت سے اور جمعہ کے دن (کی نماز کی وجہ سے) اور پسینگی لگوا کر اور میت کو نہلا کر اس حدیث کو ابوداؤد نے روایت کیا ہے اور ابن خزیمہ نے اسکی تصحیح کی ہے ۔ تفسیر جنابت سے غسل کرنا فرض ہے اور باقی غسل جو اس حدیث میں مذکور ہیں وہ سب مسنون ہیں اور جمعہ کا غسل مسنون صرف ان ہی لوگوں کے لیئے ہے جو جمعہ کی نماز پڑھیں جیسا کہ ایک حدیث میں صراحتہ وارد ہے۔

وجلست عند محتضر فرايت ان الملائكة الموكلة بقبض الارواح لها نكاية عجيبة في ارواح الحاضرين فهمت انه لابد من تغيير الحالة لتنتبه النفس لمخالفتها اه وفي مجمع البحار بل هو مسنون ذهب بعضهم الى وجوبه واكثرهم حملوا على ان الغسل لاصابة الرشاشة من نجاسة ربما كانت على بدن الميت ولا يدري مكانه كذا في شرح ابي الطيب على سنن الترمذي (ج ٣ ص ٢٨٥ نظامي كانپور) وقال شيخي اما حكمة استحباب الوضوء من حمل الجنازة فعسى ان يكون ان الحامل يلحقه الوحشة والدهشة عادة فناسب ان يتدارك بالوضوء المورث للجمعية والانشراح اه قلت فادني الاستحباب في غسل الميت غسل الايدي واعلاه الغسل والمستحب في الحمل من الجنازة الوضوء وحكمة الغسل او الوضوء تحصيل الانشراح مع التنظيف في الغسل وهو في الغسل ابلغ يزيد ويناسب ذلك ايضا لان القرب من الميت في تغسيله يزيد من القرب في حمله ويدل على ان الوضوء يورث النشاط ما في بلوغ المرام (ص ٨ ج ١) عن ابي سعيد الخدري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اتى احدكم اهله ثم اراد ان يعود فليتوضأ بينهما وضوءا رواه مسلم زاد الحاكم فانه انشط للعود اه

**باب** عدم وجوب غسل الجمعة وكونه سنة منها ومن الحجامة **قوله** عن ابي هريرة الخ قال المؤلف وفي نيل الاوطار (ج ١ ص ٢٣٢) قال القرطبي في تقرير الاستدلال بهذا الحديث على الاستحباب بالفظه ذكر الوضوء وما معه مرتبا عليه الثواب المقتضي للصحة يدل على ان الوضوء كاف قال ابن حجر في التلخيص انه من اقوى ما استدل به على عدم فرضية الغسل يوم الجمعة اه **قوله** عن سمرة الخ قال المؤلف دلالته على الباب ظاهرة **قوله** عن عائشة رض الخ قال المؤلف لفظ كان يدل على كون المذكورات سنة مؤكدة وقد قام الدليل على افتراض غسل الجنابة فهو فرض واما غسل الجمعة فهو سنة لهذا الحديث وكذا غسل الحجامة وفي حجة الله البالغة (ج ١ ص ١٨١ مصرية) اما الحجامة فلان الدم كثيرا ما ينتشر على الجسد ويتعسر غسل كل نقطة على حدتها ولان المص بالملازم جاذب

---

ص١٠ ج ١ ص ٦٥ مؤلف ٢٠ سنة ٥ ص ٢٢٧ ج ٣ - مؤلف ٥٣ ص ٧ ج ١ مؤلف ٧٥ قال بعضهم معناه فبالرخصة اخذ كذا في التقريب مؤلف

## باب

عن الشعبي عن زياد بن عياض الاشعري قال كل شيء رأيت النبي صلى الله عليه وسلم فعله قد رأيتكم تفعلونه غير انكم لا تغتسلون في العيدين رواه ابن منده وابن عساكر وقال الصحيح في هذا الحديث عن عياض وقوله زياد غير محفوظ كذا في كنز العمال ولم اقف على سنده متصلاً

للدم من كل جانب فلا يفيد نقص الدم من العضو والغسل يزيل السيلان ويمنع انجذابه اھ واما ما رواه السبعة الشيخان واصحاب السنن الاربعة والامام احمد) عن ابي سعيد الخدري رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال غسل يوم الجمعة واجب على كل مسلم كما في بلوغ المرام (ص ۱۸ ج ۱) وفيه حديث مشهور كما في تدريب الراوي (ص ۱۸۹) بلفظ من اتى الجمعة فليغتسل اھ قلت بهذا اللفظ رواه الترمذي ابن ماجه زاد البيهقي ومن لم يأتها فليس عليه غسل قال النووي في الخلاصة وسنده صحيح كذا في نصب الراية للزيلعي المحدث (ص ۵۴ ج ۱) قلت قال الترمذي حسن صحيح ونقل ايضاً عن البخاري تصحيحه (ج ۱ ص ۶۵) ورواه ابن حبان في صحيحه والبيهقي في سننه كما في كنز العمال (ج ۴ ص ۱۶۲) من اتى الجمعة من الرجال والنساء فليغتسل ومن لم يأتها فليس عليه غسل من الرجال والنساء اھ وحديث بلوغ المرام ذكره في المنتقى بلفظ غسل يوم الجمعة واجب على كل محتلم والسواك وان يمس من الطيب ما يقدر عليه ثم قال وهذا يدل على انه اراد بلفظ الوجوب تاكيد استحبابه كما تقول حقك علي واجب والعدة دين بدليل انه قرنه بما ليس بواجب بالاجماع وهو السواك والطيب انتهى (ص ۲۲۶ و ۲۲۷ ج ۱ مع نيل الاوطار) ويدل على عدم الوجوب ما ورد عن الصحابة فمنه ما في مجمع الزوائد (ج ۱ ص ۲۱) عن عبد الله بن مسعود رض قال من السنة الغسل يوم الجمعة رواه البزار ورجاله ثقات اھ وفيه ايضاً عن علي رض قال يستحب الغسل يوم الجمعة ويلبس بخيم رواه الطبراني في الاوسط ورجاله ثقات (ص ۲۱۲ ج ۱) والمراد بالاستحباب عدم الافتراض فلا ينافي السنية ـ

**باب** ما جاء في غسل العيدين قال المؤلف دلالة الاحاديث والآثار على الباب ظاهرة وسياتي بيان غسل يوم عرفة في ابواب الحج تفصيلاً ان شاء الله تعالى واما قوله صلى الله عليه وسلم الغسل في هذه الايام واجب فقد عرفت عدم وجوب الغسل في يوم الجمعة واما غسل العيدين فهو ايضاً لا يجب لانه لم

باب ما جاء في غسل العيدين

باب اس امر کا جو غسل عیدین میں وارد ہوا ہے
عیاض اشعری رض سے روایت ہے کہ انھوں نے (حاضرین سے) فرمایا کہ ہر وہ کام جسکو میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے میں تم کو بھی کرتے دیکھتا ہوں سوا اسکے کہ تم عیدین میں غسل نہیں کرتے (یعنی یہ ایسا کام ہے جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے اور تم نہیں کرتے ہو پس عیدین میں غسل کرنا مسنون ثابت ہوگیا) اسکو ابن مندہ اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے جیسا کہ کنز العمال میں ہے

ل ج ۴ ص ۲۳۸ ـ مؤلف سے ۵ قد روی الطبرانی فی الاوسط هذه الجملة مرفوعاً کما فی الجامع الصغیر ۱۲ منه

عن ابي هريرة رض مرفوعاً الغسل في هذه الايام واجب يوم الجمعة ويوم الفطر ويوم النحر ويوم عرفة رواه الديلمي في مسند الفردوس بسند ضعيف (العزيزي)[51]

عن نافع ان عبد الله بن عمر رض كان يغتسل يوم الفطر قبل ان يغدو الى المصلى رواه الامام مالك في الموطأ[52] وهذا اسناد صحيح جليل قال البخاري اصح الاسانيد مالك عن نافع عن ابن عمر كذا في تهذيب التهذيب[53]

اخبرنا ابراهيم بن محمد بن ابي يحيى الاسلمي اخبرني يزيد بن ابي عبيد مولى سلمة بن الاكوع عن سلمة بن الاكوع انه كان يغتسل يوم العيد رواه الامام الشافعي في مسنده[54] وشيخ الامام هذا ضعيف لكنه حجة عنده كما في التلخيص الحبير[55] وقد عرفت ان الاختلاف غير مضر وبقيتهم رجال الجماعة

اخبرنا ابراهيم بن محمد اخبرني جعفر بن محمد عن ابيه ان عليا رض كان يغتسل يوم العيدين ويوم الجمعة ويوم عرفة واذا اراد ان يحرم رواه الامام الشافعي في مسنده[56] وشيخ الامام قد مر ما يتعلق به قريبا وبقيتهم ثقات مشهورون الا ان محمدا عن علي رض مرسل فانه لم يدركه

حدثنا جبارة المغلس ثنا حجاج بن تميم عن ميمون بن مهران عن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغتسل يوم الفطر ويوم الاضحى رواه ابن ماجه[57] وسنده لا باس به

ابو ہریرہ رض سے مرفوعاً روایت ہے کہ ان ایام میں غسل واجب (یعنی مؤکد) ہے جمعہ کے دن اور فطر (یعنی عید الفطر) کے دن اور قربانی کے دن (یعنی عید اضحی میں) اور عرفہ کے دن اسکو دیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کیا ہے ضعیف سند سے ایسا ہی عزیزی میں ہے نقص: یعنی عرفہ کا دن نویں ذی الحجہ کو کہتے ہیں اور اس دن غسل کرنا صرف ان لوگوں کے لیے مسنون ہے جو حج کریں اور مقام عرفات میں حاضر ہوں اور اس کا مفصل بیان کتاب الحج میں آویگا نافع سے (جو آزاد کردہ غلام ہیں حضرت ابن عمر کے) روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالے عنہ (عید) فطر کے دن صبح کے وقت عیدگاہ جانے سے پہلے غسل فرمایا کرتے تھے اسکو امام مالک نے مؤطا میں صحیح سند سے روایت کیا ہے حضرت سلمہ رض بن الاکوع سے روایت ہے کہ وہ عیدین کے دن غسل کیا کرتے تھے اس کو حضرت امام شافعی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے امام محمد (باقر) سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ غسل فرمایا کرتے تھے عیدین کے روز اور جمعہ کے روز اور عرفہ کے دن اور جبکہ (حج کے لیے) احرام کا ارادہ کرتے اسکو امام شافعی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے اور اسکی سند منقطع ہے۔ حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (عید) فطر کے دن اور (عید) اضحی کے دن غسل فرمایا کرتے تھے اس کو ابن ماجہ نے روایت کیا۔

---

يرد هذا اللفظ بسند ثابت على ان الاجماع قد قام على عدم وجوبه فلو صح لحمل على التاكيد والحديث الذي في آخر الباب ففي سنده جبارة وحجاج وهما قد تكلم واختلف فيهما ففي تهذيب التهذيب (ج ٢ ص ٥٨) في ترجمة جبارة ما نصه قال ابو حاتم هو على يدي عدل هو مثل قاسم بن ابي شيبة وقال مسلمة بن قاسم روى عنه من اهل بلدنا بقي بن مخلد وجبارة ثقة ان شاء الله تعالى وقال عثمان بن ابي شيبة جبارة اطلبنا للحديث واحفظنا انتهى ملخصا وفيه ايضا كلام الجارحين وفيه ايضا (ص ٢٢ ج ١) في ترجمة احمد بن جواس الحنفي ما نصه وروى عنه بقي بن مخلد وقد قال انه لم يحدث الا عن ثقة اه قلت فعلى هذا جبارة ايضا ثقة عنده

---

[51] ص ٧ ج ٣ مؤلف [52] ص ٦٣ مجتبائي دهلي [53] ص ٣٠٥ ج ١٠ مؤلف [54] ص ٢١ ج ١ [55] ص ... مؤلف [56] ص ٣٤ مؤلف [57] ص ٩٤ - مؤلف

## باب

عن ابی هریرة رضـ ان ثمامة بن اثال او اثالة اسلم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذهبوا به الی حائط بنی فلان فمروه ان یغتسل رواه احمد والبزار وزاد بماء وسدر ولـه عند ابی یعلی لما اسلم ثمامة بن اثال امره النبی صلی الله علیه وسلم ان یغتسل ویصلی رکعتین وفی اسناد احمد والبزار عبد الله بن عمر العمری وثقه ابن معین والو احمد بن عدی وضعفه غیرهما من غیر نسبة الی کذب وقال ابو یعلی عن رجل عن سعید المقبری قال فان کان هو العمری فالحدیث حسن والله اعلم کذا فی مجمع[1] الزوائد قلت فاسناد الامام احمد والبزار حسن عند ابی یعلی والاختلاف غیر مضر.

عن قتادة ابی هشام قال اتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال لی یا قتادة اغتسل بماء وسدر واحلق عنک شعر الکفر وکان رسول الله صلی الله علیه وسلم یامر من اسلم ان یختتن وان کان ابن ثمانین سنة رواه الطبرانی فی الکبیر ورجاله ثقات (مجمع[2] الزوائد) واسناده حسن (العزیزی[3])

وحجاج بن تمیم الجزری قد ضعفوه الا ان ابن حبان قال فی الثقات حجاج بن تمیم روی عن میمون بن مهران روی عنه ابو معاویة الضریر کما فی تهذیب التهذیب (ج ۲ ص ۱۹۹) قلت عدم تکلم ابن حبان فیه وذکره فی الثقات یدل علی انه ثقة عنده والاختلاف لا یضر کما عرفت مرارًا

باب استحباب غسل من اراد الاسلام قوله عن ابی هریرة رضـ الخ اعلم ان قوله اسلم معناه اراد الاسلام کما ورد فی قصة قیس رضـ عند ابی داؤد وسیاتی آخر الباب ولا ینافیه قوله یصلی رکعتین لان المراد ان یغتسل ثم یسلم ثم یصلی والواو لا یقتضی الترتیب وایضًا فی هذه القصة عند النسائی وقد سکت عنه فهو صحیح عنده علی قاعدته (ص ۴۰ ج ۱) ما یدل علی انه اغتسل قبل الاسلام ونصه ان ثمامة بن اثال الحنفی انطلق الی نخل قریب من المسجد فاغتسل ثم دخل المسجد فقال اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له وان محمدا عبده ورسوله الحدیث وظاهر الامر هو الوجوب فی النیل (ص ۲۲۵ ج ۱) وقد ذهب الی الوجوب مطلقًا

باب اسلام لانیکے لیے غسل کا مستحب ہونا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ثمامہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اسلام لانیکا قصد کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کو فلاں شخص کے باغ میں لیجاؤ اور انکو حکم دو غسل کرنے کا اس کو امام احمد اور بزار نے روایت کیا ہے اور بزار نے زیادہ کیا ہے پانی اور بیری (کے پتوں) سے (یعنی پانی میں بیری کے پتے جوش دیکر اس سے غسل کریں) اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابو یعلی کے پاس (یہ روایت) ہے کہ جب ثمامہ بن اثال نے اسلام لانے کا قصد کیا تو ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کرنے اور دو رکعت (نفل) پڑھنے کا حکم دیا (یعنی غسل کر کے اسلام لاویں پھر دو رکعت نفل شکر کی ادا کریں) یہ روایات مجمع الزوائد میں ہیں۔

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (اسلام لانے کے لیے) حاضر ہوا تو آپ نے مجھے فرمایا اے قتادہ پانی اور بیری کے درخت (کے پتوں) سے غسل کرلے اور کفر کے بال اپنے (سر) سے دور کردے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیا کرتے تھے ختنہ کرنے کا اس شخص کو جو اسلام لے آتا اگرچہ وہ اسی برس کا ہو اس کو طبرانی نے کبیر میں روایت کیا ہے اور اسکے سب راوی ثقہ ہیں

---

[1] ج ۱ ص ۱۱۷ [2] ج ۱ ص ۱۱۷ مؤلف
[3] ص ۱۵۲ ج ۳ مؤلف

حاشیہ: حجاج ۔ من تردد فی ۔ امر ۔ حسن بمعنی ۔ کی علامت ۔ وہ بال ۔ مجمع الزوائد

عن قیس بن عاصم رض قالت اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارید الاسلام فامرنی ان اغتسل بماء وسدر اخرجہ ابوداؤد وسکت عنہ قال المنذری واخرجہ الترمذی والنسائی وقال الترمذی ھذا حدیث حسن لانعرفہ الا من ھذا الوجہ (عون المعبود) واخرجہ ایضا ابن حبان وابن خزیمۃ وصححہ ابن السکن قالہ فی النیل ونقل الحدیث قبل بلفظ عن قیس بن عاصم انہ اسلم فامرہ النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان یغتسل بماء وسدر رواہ الخمسۃ الا ابن ماجہ اھ قلت ھذا لفظ الترمذی

حضرت قیس بن عاصم رض سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اسلام لانے کے ارادہ سے حاضر ہوا تو آپ نے مجھے پانی اور بیری (کے پتوں) سے غسل کرنے کا حکم دیا اس کو ابوداؤد نے روایت کیا ہے اور اس پر سکوت (بھی) کیا ہے (اور) منذری نے کہا ہے کہ اسکو ترمذی اور نسائی نے (بھی) روایت کیا ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے ہم اسکو صرف اسی سند سے پہچانتے ہیں ایسا ہی ہے عون المعبود میں اور اس کو ابن حبان اور ابن خزیمہ نے (بھی) روایت کیا ہے اور اسکی تصحیح کی ہے ابن السکن نے یہ سب نیل الاوطار میں مذکور ہے۔

## باب

عن عائشۃ رض قالت ثقل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اصلی الناس قلنا لا وھم ینتظرونک یارسول اللہ قال ضعوا لی ماء فی المخضب قالت ففعلنا فاغتسل فذھب لینوء فاغمی علیہ ثم افاق فقال اصلی الناس قلنا لا ھم ینتظرونک یارسول اللہ قال ضعوا لی ماء فی المخضب قالت ففعلنا فاغتسل ثم ذھب لینوء فاغمی علیہ ثم افاق فقال اصلی الناس قلنا لا ھم ینتظرونک یارسول اللہ قال ضعوا لی ماء فی المخضب ففعلنا فاغتسل الحدیث رواہ امام الدنیا ابو عبد اللہ البخاری رضی اللہ عنہ الخالق الباری

## باب مستحب ہے بیہوش کے غسل کا جب کہ ہوش میں آجائے

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے یعنی سخت مریض ہوئے اور نہایت ضعف ہو گیا تو آپ نے فرمایا کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی ہم نے عرض کیا نہیں (پڑھی) اور وہ آپ کے منتظر ہیں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا کہ میرے لئے لگن میں پانی رکھدو حضرت عائشہ فرماتی ہیں ہم نے (ایسا ہی) کیا پس آپ نے غسل فرمایا پھر آپ کھڑے ہونے لگے تو آپ پر بیہوشی وارد ہو گئی پھر آپ نے افاقہ پایا اور کہا کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی ہم نے عرض کیا نہیں وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا میرے لئے لگن میں پانی رکھدو حضرت عائشہ رض نے فرمایا کہ ہم نے (ایسا ہی) کر دیا سو آپ نہائے پھر آپ کھڑے ہونے لگے تو پھر آپ بیہوش ہو گئے پھر آپ ہوش میں آگئے اور کہا کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی ہم نے عرض کیا الخ

احمد بن حنبل اھ قلت الکفر لیس بحدث یوجب الغسل الا ان یجنب ودخول الکافر فی المسجد وھو یجوز عندنا کما سیاتی فی محلہ فالقول بوجوب الاغتسال مشکل قال الشیخ ابو الطیب فی شرح الترمذی (ص ۵۷۹ ج ۱) ای لیتنظف الظاھر لیناسب طھارۃ الباطن اھ قلت وان کان جنبا یکفیہ ھذا الغسل لو لم یغتسل للاسلام واسلم وقد کان جنبا یجب علیہ الغسل من الجنابۃ **قولہ** عن قتادۃ الخ قال المولف قولہ ابتنا ای لان اسلم واما قولہ صلی اللہ علیہ وسلم شعر الکفر ففی عون المعبود ج ۱ ص ۱۴۱ بل اضافۃ الشعر الی الکفر یدل علی حلق الشعر الذی ھو للکفار علامۃ لکفرھا وھی مختلفۃ الھیئۃ فی البلاد المختلفۃ الخ وقد مر تقریر الدلالۃ علی الباب وسیاتی ما یتعلق بالاختتان فی باب الحظر والاباحۃ انشاء اللہ تعالی **قولہ** عن قیس رض الخ قال المولف دلالتہ علی الباب بما مر من تقریر ھا ظاھرۃ وقولہ اسلم ای اراد الاسلام۔

**باب استحباب غسل المغمی علیہ اذا افاق** قال المولف دلالتہ علی الباب ظاھرۃ وذکر بدر العینی الغسل فی المغمی الجنا(ص ۱۷۵ ج ۱) المغر

ا ص ۱۳۹ و ۱۴۰ ج ا مولف ۲ ص ۲۲۵ ج ا مولف ۳ ص ۲۷ ج ۲ مولف – ۴ کذا فی الاصل والظاہر کفرہم ۱۲ ۵ ص ۹۵ ج ا مولف

ہرگز کسی کو نہ دکھاؤ (اور اگر اتفاقًا باوجود احتیاط کے کھل جاوے تو وہ معفو ہے) راوی کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا اے خدا کے نبی جب ہم میں کا کوئی تنہا ہو (تو اسکے لیے ستر کا کیا حکم ہے) آپنے فرمایا

## باب غسل کی حالت میں (لوگوں کی) نظروں سے پوشیدہ ہونیکا وجوب اور خلوۃ میں (غسل کرتے وقت) برہنہ ہونے کا جواز اور پردہ میں ہونیکا استحباب

## باب

عن ابن عباس رض قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله ينهاكم عن التعرى فاستحيوا من ملئكة الله الذين لا يفارقونكم الا عند ثلث حالات الغائط والجنابة والغسل فاذا اغتسل احدكم بالعراء فليستتر بثوبه او بجذمة حائط او ببعيره رواه البزار وقال لا يروى عن ابن عباس رض الا من هذا الوجه وجعفر بن سليمان لين قلت جعفر بن سليمان من رجال الصحيح وكذلك بقية رجاله (مجمع الزوائد[1])

عن ابى هريرة رض عن النبى صلى الله عليه وسلم قال بينما ايوب يغتسل عريانا خر عليه رجل جراد من ذهب فجعل يحثى فى ثوبه فناداه ربه يا ايوب الم اكن اغنيتك عما ترى قال بلى يا رب ولكن لا غنى بى عن بركتك رواه البخارى[2]

عن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قلت يا نبى الله عوراتنا ما نأتى منها وما نذر قال احفظ عورتك الا من زوجتك او ما ملكت يمينك قال قلت يا رسول الله اذا كان القوم بعضهم فى بعض قال ان استطعت ان لا يراها احد فلا ترينها قال قلت يا نبى الله اذا كان احدنا خاليا قال فالله احق ان يستحيى من الناس رواه الترمذى[3] وقال حسن قلت عزاه العزيزى الى احمد والحاكم والبيهقى وابى يعلى[4] ثم قال قال الشيخ حديث صحيح

باب وجوب التستر عن الاعين فى الغسل وجواز التجرد فى الخلوة واستحباب الاستتار فيها قوله عن ابن عباس رض الخ قال المؤلف دلالته على الجزء الاول ظاهرة قوله عن ابى هريرة رض الخ قال المؤلف هو محمول على الاغتسال فى الخلوة وهو ظاهر فدلالته على الجزء الثانى من الباب ظاهرة قوله عن بهز الخ قال المؤلف دلالته على الجزء الثالث من الباب من حيث انه صلى الله عليه وسلم لما رغب فى الاستحياء من الله عز وجل فى الخلوة مطلقا دخلت حال الاغتسال فى الخلوة ظاهرة ولا يقال لوجوبه لانه قد ثبت الجواز من الحديث الثانى على ان فى ستر العورة فى الخلوة مطلقا حرجا وما جعل الله فى الدين من حرج فحمل الترغيب على الاستحباب

[1] ص ۱۱۰ ج ۱ مؤلف [2] ص ۴۰ ج ۱ مؤلف [3] ج ۲ ص ۱۰۳ مؤلف [4] ج ۱ ص ۶۲ مؤلف

ابن عباس رض سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی تم کو برہنہ ہونے سے منع فرماتے ہیں (اور یہ نہ سمجھو کہ خلوت میں برہنہ رہنا مضائقہ نہیں کیونکہ کراما کاتبین تو وہاں بھی ہمراہ ہیں) پس اللہ تعالی کے ان فرشتوں سے حیا کرو جو تم سے صرف تین حالتوں میں جدا ہوتے ہیں پاخانہ (و پیشاب) کی حالت میں اور جنابت کی حالت میں اور غسل کی حالت میں اور یہ خیال نہ کرو کہ میدان میں بلا پردہ کے نہا لینے میں کچھ مضائقہ نہیں کیونکہ کراما کاتبین تو غسل کے وقت علیحدہ ہو ہی جاتے ہیں اس لیے کہ گو یہ ملائکہ نہیں دیکھتے لیکن اور لوگوں کی آمد و رفت تو ہوتی ہی ہے) سو جب تم میں کوئی صحرا میں نہاوے تو چاہیے کہ اپنے کپڑے کی آڑ میں ہو جاوے یا دیوار کے ٹکڑے کا پردہ کرے یا اپنے اونٹ کی آڑ میں ہو جاوے اس کو بزار نے روایت کیا ہے اور اسکے سب راوی صحیح بخاری کے راوی ہیں جیسا کہ مجمع الزوائد میں ہے

**تقریر** اس حدیث سے باب کا پہلا جزو ثابت ہوا یعنی لوگوں سے چھپ کر غسل کرنا

**حضرت** ابوہریرہ رض سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپنے فرمایا (بیان) کیا کہ (حضرت) ایوب علیہ الصلوۃ والسلام (خلوت میں) برہنہ غسل کر رہے تھے ان پر سونے کی ٹڈی کی ایک جماعت گری تو وہ دونوں ہاتھوں سے (اسکو) اپنے کپڑے میں رکھنے لگے پس انکو انکے پروردگار نے پکارا کہ اے ایوب کیا میں نے تم کو اس چیز سے بے نیاز نہیں کر دیا ہے جس کو تم دیکھ رہے ہو (اور جمع کر رہے ہو) انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں اے میرے پروردگار لیکن مجھے آپکی برکت سے بے نیازی حاصل نہیں ہے اسکو بخاری نے روایت کیا ہے

## باب

عن عائشة رض قالت سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن الرجل يجد البلل ولا يذكر احتلاما قال يغتسل وعن الرجل يرى ان قد احتلم ولا يجد البلل قال لا غسل عليه فقالت ام سليم المرأة ترى ذلك اعليها غسل قال نعم انما النساء شقائق الرجال رواه ابوداؤد[1] وسكت عنه وفيه العمري وقد اختلف فيه كما عرفت في باب غسل الاسلام لكن قد علمت ايضا ان ابا يعلى حسن حديثه والاختلاف غير مضر لا سيما اذا سكت عنه امام من ائمة الفن

عن خولة رض بنت حكيم انها سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل فقال انه ليس عليها غسل حتى تنزل كما ان الرجل ليس عليه غسل حتى ينزل رواه ابن ابي شيبة وهو صحيح (كنز العمال[2])

## باب

عن علي رض ابن ابي طالب كرم الله وجهه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تدخل الملائكة بيتا فيه صورة ولا كلب ولا جنب رواه ابوداؤد والنسائي وابن حبان في صحيحه (الترغيب[3])

عن ابن عباس رض قال ثلثة لا تقربهم الملائكة الجنب والسكران والمتضمخ بالخلوق رواه البزار.

**باب** ان الاحتلام بغير انزال لا يوجب الغسل قال المؤلف دلالة الحديثين على الباب ظاهرة وفي عون المعبود (ص ۹۶ ج ۱) قال الخطابي في معالم السنن ظاهر هذا الحديث يوجب الاغتسال اذا رأى البلة وان لم يتيقن انها الماء الدافق وروي هذا القول عن جماعة من التابعين منهم عطاء والشعبي والنخعي وقال احمد بن حنبل اعجب الي ان يغتسل وقال اكثر اهل العلم لا يجب عليه الاغتسال حتى يعلم انها الماء الدافق واستحبوا ان يغتسل من طريق الاحتياط ولم يختلفوا انه اذا لم ير الماء وان كان رأى في النوم انه قد احتلم فانه لا يجب عليه الاغتسال انتهى كلامه قلت فذم الاحاديث الدالة على اشتراط الشهوة والدفق وهي تعم حالة النوم واليقظة فاحاديث الباب تقيدها

**باب** كراهة تاخير الغسل للجنب وما يفعل اذا اراد ان ينام او يأكل او يشرب او يعاود

[1] (ص ۹۵ و ۹۶ ج ۱) مؤلف [2] (ج ۵ ص ۱۳۲) مؤلف [3] (ج ۱ ص ۴۸) مؤلف [4] (ج ۱ ص ۱۲۸) مؤلف

[illegible]

(ترجمہ) امّ سلیم رض نے عرض کیا (کہ اگر) عورت (بھی) اسکو (یعنی تری کو) دیکھتی ہے (تو) کیا اسپر (بھی) غسل (واجب) ہے آپ نے فرمایا ہاں عورتیں تو مردوں کی مثل ہیں اسکو ابوداود نے روایت کیا ہے اور اس پر سکوت کیا ہے

(فائدہ) احادیث گذشتہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ غسل واجب ہونے کیلئے منی کا شہوت کے ساتھ نکلنا شرط ہے لہذا اس باب کی حدیث میں بھی یہ قید لگائی جائیگی گو یہاں مذکور نہیں ہے

حضرت خولہ رض بنت حکیم سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس عورت کے بارہ میں جو خواب میں وہ چیز (یعنی جماع) دیکھے جسکو مرد دیکھتا ہے تو آپ نے فرمایا کہ اسپر غسل (واجب) نہیں (ہوتا) ہے یہاں تک کہ انزال ہو جائے جیسے کہ مرد پر غسل (واجب) نہیں (ہوتا) ہے یہاں تک کہ انزال ہو جاوے (یعنی انزال ہونے سے غسل واجب ہوتا ہے صرف خواب دیکھنا بغیر انزال غسل واجب نہیں کرتا) اسکو ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اور یہ صحیح ہے (کنز العمال)

**باب** مکروہ ہونے تاخیر غسل کا جنب کیلئے اور اس امر کا جسے جنب عمل میں لاوے جبکہ وہ سونے

[illegible]

حضرت عمار بن یاسر رضؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ تین شخص ہیں جن سے ملائکہ خیر (و برکت) کے ساتھ قریب نہیں ہوتے کافر میت کے بدن سے اور خلوق آلودہ سے اور جنب سے مگر (جبکہ) وہ کھانے (یا پینے) یا سونے کا قصد کرے پس وضو کرلے مثل نماز کے وضو کے (تو چونکہ یہ وضو ایک نوع کی طہارت ہے اس لیے ملائکہ اس سے اس حالت میں نفرت نہ کرینگے اور کھانے اور سونیکی قید صرف اہتمام کے لیے ہے کیونکہ بغیر قصد اکل و نوم بھی تاخیر غسل کے وقت وضو کرلینا مسنون ہے اس لئے کہ مقصود جنابت کا کم کرنا ہے اور اسکی جمیع اوقات میں حاجت ہے خواہ اکل و نوم میں مشغول ہو یا خالی بیٹھا رہے) اسکو طبرانی نے کبیر میں بسند حسن روایت کیا ہے جیسا کہ عزیزی میں ہے

**تقریر** اس حدیث سے باب کے تمام اجزاء ثابت ہیں بجز اخیر جزو کے حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا قصد فرماتے تھے تو اپنی شرمگاہ کو دھولیا کرتے تھے اور مثل نماز کے وضو کے وضو فرما لیتے تھے اس کو اصحاب صحاح ستہ اور امام احمد نے روایت کیا ہے حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت ہوتے اور سونے کا قصد فرماتے (تو) وضو کرلیتے یا تیمم فرمالیتے اسکو بیہقی نے بسند حسن روایت کیا ہے جیسا کہ فتح الباری میں ہے

**تقریر** غسل جنابت میں اگر تاخیر ہو جاوے تو وضو کرلے کہ اس سے جنابت میں کمی ہو جاتی ہے اور جو وضو نہ کرے تو تیمم ہی کرلے کہ یہ بھی ایک نوع کی طہارت ہے لیکن وضو افضل ہے۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بعض ازواج مطہرات سے

عن عمار ابن یاسر رضؓ مرفوعاً ثلثة لا تقربهم الملئكة بخير جيفة الكافر والمتضمخ بالخلوق والجنب الا ان يبدو له ان يأكل او ينام فيتوضأ وضوءه للصلوة رواه الطبراني في الكبير باسناد حسن العزيزي[1]

عن عائشة رضؓ قالت كان رسول الله صلے الله عليه واله وسلم اذا اراد ان ينام وهو جنب غسل فرجه وتوضأ وضوءه للصلوة رواه الجماعة (منتقى[2]) عن عائشة رضؓ انه صلے الله عليه وسلم كان اذا اجنب فاراد ان ينام توضأ او تيمم رواه البيهقي باسناد حسن (فتح الباري[3])

يعني اصحاب الصحاح والامام احمد كما صرح به في خطبته ۱۲ منه

عن عائشة رضؓ قالت كان رسول الله صلے الله عليه وسلم اذا واقع بعض اهله فكسل ان يقوم ضرب يده على الحائط فتيمم رواه الطبراني في الاوسط وفيه بقية بن الوليد وهو مدلس (مجمع الزوائد[4]) قلت وكان كثير التدليس عن الضعفاء والمجهولين كما في طبقات المدلسين[5] وقد نقلناه اعتضاداً

للتنويع ۱۲ منه

**قوله** عن علي رضؓ الخ قال المؤلف دلالته والذي بعده على الجزء الاول من الباب ظاهرة ويحمل على حال عدم التوضي بالحديث الثالث **قوله** عن عمار رضؓ الخ قال المؤلف دلالته على جميع اجزاء الباب غير الاخير ظاهرة والظاهر ان التاخير في الغسل مذموم في جميع الاحوال ولا مفهوم لارادة النوم والاكل فمن اخر الغسل ولم ينم ولم ياكل كره ذلك كما هو مفاد الحديث الاول واما تخصيص حال النوم والاكل فللاهتمام بهما فان النوم اخو الموت فلا يدري ان يستيقظ منه اولا وعلى الثاني لقيح له ان يحضر عند الله عز وجل على حالة الجنابة ولا يخفى كونه مذموماً مكروهاً واما حالة الاكل فهي حالة ياخذ العبد فيها النعمة العظيمة من الله تعالى فلا ينبغي ان يكون عند ذلك على مثل هذه الحالة (**فائدة اولى**) في فتح الباري (ج ص ۲۷۳) عن شداد بن اوس الصحابي قال اذا اجنب احدكم من الليل ثم اراد ان ينام فليتوضأ فانه نصف الغسل رواه ابن ابي شيبة بسند رجاله ثقات اه (**فائدة اخرى**) في عون المعبود (ص ۹۰ ج ۱) قال الامام الخطابي في معالم السنن يريد الملئكة الذين ينزلون بالبركة والرحمة دون الملئكة

الکی صحبت فرماتے اور آپ اٹھنے کا ارادہ ... وضو اور غسل نہ فرماتے ... پس اپنے ہاتھ کو دیوار ... مارتے اور تیمم فرمالیتے ... اسکو طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے جیسا کہ مجمع الزوائد میں ہے

[1] ص ۳۰۸ ج ۲ مؤلف
[2] ص ۸۰ ج ۱ نیل الاوطار مؤلف
[3] ج ۱ ص ۳۳ مؤلف
[4] ص ۸۰ ج ۱ مؤلف
[5] ص ۱۶۱ مصری مؤلف

سے مذکور ہوئی ہیں کھانے اور سونے کا ایک حکم فرمایا گیا ہے پس دونوں حدیثوں میں تطبیق اس طرح کیجاویگی کہ جنب جب کچھ کھانا چاہے تو زیادہ بہتر یہ ہے کہ وضو کرلے اور اگر وضو نہ کرے تو کلی کرلے

حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جنب ہوتے تھے پھر سو جاتے تھے پھر جاگتے تھے پھر سو جاتے تھے اسکو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اسکے راوی صحیح بخاری کے راوی ہیں جیسا کہ مجمع الزوائد میں ہے لہذا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنب کو بغیر غسل و وضو و تیمم بھی سو جانا جائز ہے لیکن مکروہ ہے جیسا کہ احادیث سابقہ سے معلوم ہوچکا ہے اور حضور نے بیان جواز کے لیے یہ فعل کیا تھا اس آپ کے لیئے مکروہ نہ ہوا

عن ام سلمة رض قالت كان رسول الله صلے الله عليه وسلم يجنب ثم ينام ثم ينتبه ثم ينام رواه احمد ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد)[1]

عن ابن عمر رض انه سأل النبي صلے الله عليه وسلم اينام احدنا وهو جنب قال نعم ويتوضأ ان شاء رواه ابن خزيمة وابن حبان في صحيحهما واصله في الصحيحين دون قوله ان شاء كذا في التلخيص الحبير[2]

عن عبد الله بن ابي قيس قال سئلت عائشة رض عن وتر رسول الله صلے الله عليه وسلم فذكر الحديث قلت كيف كان يصنع في الجنابة اكان يغتسل قبل ان ينام ام ينام قبل ان يغتسل قالت كل ذلك قد كان يفعل ربما اغتسل فنام وربما توضأ فنام الحديث رواه مسلم[3]

عن عائشة رض كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان جنبا واراد ان يأكل او ينام توضأ وضوءه للصلوة رواه مسلم[4] وبهذا اللفظ عزاه الحافظ الى مسلم في التلخيص الحبير

عن عائشة رض ان النبي صلے الله عليه وسلم كان اذا اراد ان ينام وهو جنب توضأ وضوءه للصلوة قبل ان ينام وكان اذا اراد ان يطعم وهو جنب غسل كفيه ومضمض فاه ثم طعم رواه الدارقطني[5] وقال صحيح

حضرت ابن عمر رض سے روایت ہے کہ انھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ جنابت کی حالت میں کوئی ہم میں سے سو جاوے (یعنی بغیر غسل و وضو و تیمم کیے سونا جائز ہے یا نہیں) آپ نے فرمایا ہاں اور وضو کرے اگر چاہے اس کو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے اور اصل حدیث بخاری و مسلم میں (بھی) ہے مگر اس میں اگر چاہے کا لفظ نہیں ہے ایسا ہی تلخیص حبیر میں ہے لہذا اس سے معلوم ہوا کہ یہ وضو جنب پر واجب نہیں ہے بلکہ مسنون ہے عبد اللہ بن ابی قیس سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وتر (پڑھنے) کے بارے میں سوال کیا اسکو (بعد وتر کے متعلق حدیث بیان کی راوی نے کہا) میں نے عرض کیا جنابت کی حالت میں حضور کس طرح کرتے تھے آیا سونے سے پہلے غسل کر لیتے تھے یا غسل کرنے سے پہلے سو جاتے تھے حضرت عائشہ رض نے فرمایا یہ سب کرتے تھے کبھی غسل کر کے سو رہتے تھے اور کبھی وضو کر کے (بلا غسل کیے) سو رہتے تھے اس کو مسلم نے روایت کیا ہے حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب جنب ہوتے اور کھانے یا سونے کا ارادہ کرتے تو وضو فرما لیتے نماز کا جیسا وضو اسکو مسلم نے روایت کیا ہے جیسا کہ تلخیص حبیر میں ہے حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں جب سونے کا ارادہ فرماتے تو

الذين هم الحفظة فانهم لا يفارقون الجنب وغير الجنب اه قلت لكن يستثنى ثلاث حالات كما مر في حديث ابن عباس قبل باب قوله عن عائشة رض قال المؤلف دلالته على الجزء الثاني من الباب ظاهرة ثم اعلم ان هذا الجزء قد ورد فيه الوضوء الشرعي وغسل الفرج فعلا كما في هذا الحديث والتيمم فعلا كما في الذي بعد هذا الحديث وعدم الطهارة فعلا من الغسل والوضوء والتيمم كما في حديث ام سلمة رض والوضوء قولا على التخيير في حديث ابن عمر والغسل فعلا في حديث عبد الله بن ابي قيس وكل ذلك مستحب قبل النوم على المراتب غير عدم الطهارة فانه مباح قال الاعلى هو الغسل والاوسط الوضوء مع غسل الفرج والادنى التيمم وغسل الفرج وان لم يرد مع التيمم لكن لابد منه للتنظيف فان تنظيف ذلك الموضع اهم من سائر البدن وكل هذا ظاهر غير خفي قوله عن عائشة رض بردا

[1] يعنى بانه عليه الصلوة والسلام لا يغتسل ولا يتوضأ ولا يتيمم ۱۲ منه [2] ص ۱۴۱ ج ۱ مؤلف [3] ص ۵۲ ج ۱ مؤلف [4] ص ۱۴۴ ج ۱ مؤلف [5] ص ۱۳۴ ج ۱ مؤلف [6] ص ۴۶ ج ۱ مؤلف

حضرت ابورافع رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنی (تمام) ازواج سے ہمبستری فرمائی اس حال میں کہ آپ ان (بیوی) کے پاس غسل کرتے تھے اور ان (بیوی) کے پاس غسل کرتے تھے پس میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ اس (مجموعہ غسل) کو ایک غسل کیوں نہیں کر دیتے (یعنی ہر بیوی سے جماع کے بعد آپ غسل کرتے ہیں اور اسمیں مشقت زیادہ ہے تو اختصار کیوں نہیں فرماتے اور صرف ایک غسل پر کفایت کیوں نہیں کر لیتے) آپ نے فرمایا یہ (یعنی ہر جگہ جدا جدا غسل کرنا) زیادہ پاکیزہ ہے اور بہت عمدہ ہے اور زیادہ لطیف ہے اسکو ابوداود اور نسائی نے روایت کیا ہے جیسا کہ فتح الباری میں ہے اور اسکی سند حسن ہے یا صحیح ہے صاحب فتح الباری کے قاعدے پر۔

حضرت انس رضہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج رضہ سے جماع فرماتے تھے ایک غسل کے ساتھ اسکو مسلم نے روایت کیا ہے لتقریر یعنی سب سے جماع کرکے ایک غسل فرما لیتے تھے کہ یہ بھی جائز ہے اور ہر ایک بیوی کے جماع سے جدا غسل کرنا اولے ہے جیسا کہ پچھلی حدیث میں گزرا۔

حضرت ابوسعید خدری رضہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس آوے (یعنی جماع کرے) پھر دوبارہ (جماع کا) قصد کرے تو وضو کر لے اسکو مسلم نے روایت کیا ہے اور تلخیص حبیر میں ہے کہ اسکو امام احمد نے اور ابن خزیمہ اور ابن حبان اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے اور (یہ اور) بڑھایا ہے اسلیے کہ یہ (وضو) عود کے لئے زیادہ نشاط پیدا کرنے والا ہے (یعنی دوبارہ جماع کے لیے طبیعت کو زیادہ نشاط پیدا ہوتا ہے) اور ابن خزیمہ کی ایک روایت میں اور بیہقی کی روایت میں ذیہ ہم ہے کہ چاہیے کہ وضو کرے مثل نماز کے وضو کے۔

عن ابی رافع رضہ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم طاف ذات یوم علی نسائہ یغتسل عند هذه وعند هذه قال فقلت یا رسول اللہ الا تجعلہ غسلاً واحداً قال هذا ازکی واطیب واطہر رواہ ابوداود والنسائی (فتح الباری) وهو صحیح او حسن علی قاعدتہ

عن انس رضہ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم کان یطوف علی نسائہ بغسل واحد رواہ مسلم[1]

عن ابی سعید الخدری رضہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی احدکم اهلہ ثم اراد ان یعود فلیتوضأ رواہ مسلم[2] وفی التلخیص الحبیر[3] ورواہ احمد (فی مسندہ) وابن خزیمۃ وابن حبان (فی صحیحیہما) والحاکم (فی مستدرکہ) وزادوا فانہ انشط للعود وفی روایۃ لابن خزیمۃ (فی صحیحہ) والبیہقی (فی سننہ) فلیتوضأ وضوءہ للصلوٰۃ اهـ

عن عائشۃ رضہ قالت کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یجامع ثم یعود ولا یتوضأ رواہ الطحاوی (فتح الباری[4])

سلم الخ قال المؤلف ودلالتہ علی الجزء الثالث من الباب ظاہرۃ والوضوء للجنب عند ارادۃ الاکل مستحب یدل علیہ ہذا الحدیث مع انضمام الحدیث الذی بعدہ فان مفادہ انہ صلے اللہ علیہ وسلم کان یکتفی بغسل الکفین والمضمضۃ فیحمل الوضوء الشرعی علی الاستحباب والوضوء اللغوی علی الاباحۃ والظاہر ان الغسل اللغوی لا مدخل لہ فی تخفیف الجنابۃ لانہ لم یکن للجنابۃ عند الاکل بل للاکل فقط فان الوضوء اللغوی اعنی بہ غسل الکفین والمضمضۃ یستحب عند الاکل مطلقاً قال صلی اللہ علیہ وسلم برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ رواہ الامام احمد وابوداود والترمذی والحاکم عن سلمان الفارسی رضہ باسناد حسن کما فی العزیزی (ص ۲۹ ج ۲) وحسنہ المنذری ایضاً فی ترغیبہ وتفسیر ہذا الوضوء باللغوی قد ورد من فعلہ صلے اللہ علیہ وسلم ما یدل علی ہذا۔ اما قبل الطعام فقد عرفت واما بعد الطعام فما رواہ ابن ماجہ (ص ۲۴۸) عن ابی ہریرۃ رضہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکل کتف شاۃ فمضمض وغسل یدیہ وصلی اھ ورجالہ رجال الجماعۃ الا شیخ ابن ماجہ فان البخاری روی عنہ ابا داود ولم یخرج لہ واما مقصود الراوی من تقییدہ بحال الجنابۃ فہو بیان جواز

[1] ص ۱۴۳ ج ۱ - مؤلف [2] ص ۱۴۴ ج ۱ مؤلف [3] ص ۱۴۴ ج ۱ مؤلف [4] ص ۵۲ ج ۱ - مؤلف [5] ج ۱ ص ۳۲۳ مؤلف

